OLP

OLP FINANCIAL SERVICES PAKISTAN LIMITED
OLP Building, Plot No. 16, Sector No. 24,
Korangi Industrial Area, Karachi
T: 021-35144029-40 UAN: 111 24 24 24
E: olp@olpfinance.com
W: olpfinance.com

Date: October 02, 2025

**THE GENERAL MANAGER**
Pakistan Stock Exchange Limited,
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi, Pakistan.

Dear Sir,

**SUBJECT: PUBLICATION OF NOTICE OF 39TH ANNUAL GENERAL MEETING**

Please find enclosed Notice of 39th Annual General Meeting (AGM) of OLP Financial Services Pakistan Limited.

Advertisement will be published in two newspapers i.e. in Business Recorder and Nawa-i-Waqt (Karachi, Lahore and Islamabad) on October 03, 2025.

Yours faithfully,

**SALMAN ALI**
Company Secretary

# OLP Financial Services Pakistan Limited

## NOTICE OF THE 39TH ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 39th Annual General Meeting (the AGM) of OLP Financial Services Pakistan Limited (the Company) will be held on Friday, October 24, 2025, at 10:30 a.m. at the Institute of Chartered Accountants of Pakistan, Chartered Accountants Avenue, Karachi and through video link (Zoom application), to transact the following businesses:

Members are encouraged to attend the AGM through a video conference facility managed by the Company (please see the notes section for details)

**ORDINARY BUSINESS**

1. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements (Consolidated and Unconsolidated) of the Company for the year ended June 30, 2025, together with the Auditor's Report and the Directors' Report thereon and Chairman's Review Report.

   In accordance with Section 223(6) of the Companies Act 2017 ("the Act"), and pursuant to the SRO 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the Financial Statements of the Company can be accessed through the following web link and/or QR enabled code:

   https://www.olpfinance.com/investor-relations

2. To declare and approve, as recommended by the Directors, final cash dividend of PKR 3.5 per share i.e. 35% for the year ended June 30, 2025. This is in addition to the interim cash dividends of PKR 2 per share, i.e. 20%, already paid.
3. To appoint Auditors for the year ending June 30, 2026, and fix their remuneration. The present auditors Messrs. KPMG Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants retire and being eligible, have offered themselves for reappointment.
4. To transact any other ordinary business of the Company with the permission of the Chairman.

BY ORDER OF THE BOARD

Karachi
Friday, October 03, 2025

**SALMAN ALI**
Company Secretary

**NOTES**

**1. PROHIBITION ON GRANT OF GIFTS TO SHAREHOLDERS**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (the "SECP"), through its Circular 2 of 2018, dated February 9, 2018, has strictly prohibited companies from providing gifts or incentives, in lieu of gifts (tokens/coupons/lunches/takeaway/packages) in any form or manner, to shareholders at or in connection with general meetings. Under Section 185 of the Act, any violation of this directive is considered an offense, and companies failing to comply may face penalties.

**2. PARTICIPATION IN ANNUAL GENERAL MEETING (AGM) THROUGH ELECTRONIC MEANS:**

To attend and participate in the AGM through video link facility, members are requested to register themselves by providing following particulars with the Company Secretary by emailing to agm@olpfinance.com at least 48 hours before the time of AGM.

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio No./ CDC Account No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Video link details and login credentials (ZOOM application) will be shared with those shareholders who have shown their intent to attend the meeting containing all the particulars as mentioned above.

**3. BOOK CLOSURE**

3.1 The Members' Register shall remain closed from October 17, 2025 to October 24, 2025 (both days inclusive). Transfers in good order received at the office of the Company's Share Registrar before the close of the business on October 16, 2025, will be treated in time to attend the AGM and entitlement of the dividend. Address of the Company's Share Registrar is as follows:

FAMCO Share Registration Services (Private) Limited
8-F, Near Hotel Faran, Nursery Block-6, PECHS
Main Shahra-e-Faisal, Karachi-74400, Pakistan
Phone: +92 (021) 34380101-105
Email: info.shares@famcosrs.com

3.2 All Shareholders are entitled to attend, speak and vote at the AGM. A Shareholder may appoint a proxy to attend, speak and vote on behalf of the Shareholder. The proxy needs to be a Member of the Company. A proxy, to be effective, must be received at the office of the Company's Share Registrar not less than 48 hours before the time of AGM.

3.3 The Shareholders and their proxies are required to produce their Computerized National Identity Card (CNIC) or passport for identification purpose, at the time of attending the AGM. The Proxy Form must be submitted to the Company within the stipulated time, duly witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers must be mentioned on the Proxy Form, along with attested copies of the CNICs or passports of the beneficial owner and the proxy. In case of corporate entity, the resolution of the Board of Directors or power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of AGM. The Proxy Form is available on the Company's website (https://www.olpfinance.com/investor-relations).

3.4 Members are requested to intimate any change in address immediately to the Company's Share Registrar.

3.5 CDC account holders will further have to follow the under mentioned guidelines as laid down by the SECP.

**4. ELECTRONIC TRANSMISSION OF ANNUAL REPORT 2025**

In compliance with section 223(6) of the Act and pursuant to the S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the Company has electronically transmitted the Annual Report 2025 through weblink, QR enabled code and through email to Members whose email addresses are available with the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited. However, in cases, where email addresses are not available with the Company's Share Registrar, printed copies of the notices of AGM along-with the QR enabled code/weblink to download the Annual Report 2025 (containing the financial statements), have been dispatched.

Additionally, if a Shareholder requests for a hard copy of the Annual Audited Financial Statements, the same will be provided free of cost within seven working days of receipt of such request. For the Shareholders' convenience, a 'Standard Request Form for Provision of Annual Audited Financial Accounts' has also been made available on the Company's website.

**5. AVAILABILITY OF AUDITED FINANCIAL STATEMENTS ON THE WEBSITE**

The Financial Statements for the year ended June 30, 2025, along with the Auditor's and Directors' Report thereon are available on the Company's website (https://www.olpfinance.com/investor-relations) in addition to the quarterly financial statements.

**6. SUBMISSION OF COPIES OF CNIC/NTN**

Pursuant to the directives of the SECP, the dividends of Members whose valid CNIC or NTN (in case of corporate entities) are not available with the Share Registrar would be withheld. Members are therefore, requested to submit a copy of their valid CNIC or NTN (if not already provided) to the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited.

**7. PAYMENT OF CASH DIVIDEND THROUGH ELECTRONIC MODE**

As per Section 242 of the Act, a listed company shall pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholder. Therefore, physical dividend warrants will not be issued to the Company's Shareholders. In order to receive dividend into respective banks accounts, the Shareholders are requested (if not already provided) to fill in the Dividend Mandate Form for Electronic Credit of Cash Dividend, available on the Company's website and send the duly signed form, along with a copy of CNIC to the Company's Share Registrar in case of physical shares. In case shares are held in the CDC/Brokerage House, Dividend Mandate Form must be directly submitted to the CDC investor account services/respective participant accounts. In case of non-receipt of information, the Company will be obliged to withhold payment of dividend to such shareholders. Shareholders may access the Centralized Cash Dividend Register (CCDR) developed by CDC at https://csp.cdcaccess.com.pk to obtain their Dividend Tax Deduction Report which can also be obtained from their Participant (Stock Broker) as provided to them on their CDS terminals.

**8. DEDUCTION OF INCOME TAX FROM DIVIDEND UNDER THE SECTION 150 OF THE INCOME TAX ORDINANCE 2001**

8.1 According to the provisions of the Finance Act 2025 effective from July 2025, the rate of deduction of the Income Tax from dividend payments has been as follows:

i. The Rate of Income Tax deduction for filers of the Income Tax returns is 15%
ii. The Rate of Income Tax deduction for non-filers of income tax returns is 30%

The Shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) available on FBR's website, despite the fact that they have filed their returns, are advised to ensure that their names be entered in ATL. Otherwise, the tax on their cash dividend will be deducted @ 30% instead of 15%.

8.2 Withholding Tax exemption from the dividend income shall only be allowed if a copy of the valid tax exemption certificate is made available to the Company's Share Registrar by the first day of the book closure.

8.3 Withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-filer' status of principal shareholder as well as joint-holders(s) based on their shareholding proportions. In this regard, the Shareholders who hold the Company's shares jointly are requested to provide shareholding proportions of the principal shareholder and joint-holder(s) in respect of shares held by them (if not already provided) to the Company's Share Registrar in writing, within ten (10) days of this notice. Otherwise, it will be assumed that the shares are equally held by the principal shareholder and joint-holder(s).

8.4 The Corporate Shareholders having CDC accounts are required to have their NTN updated with their respective participants, and the corporate physical shareholders are requested to send a copy of their NTN certificate to the Company's Share Registrar. The Shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote the company's name and their respective folio numbers.

**9. VIDEO CONFERENCE FACILITY**

In pursuance to the SECP's circular No. 10/2014, dated May 21, 2014, and the Section 134(1)(b) of the Act, the Members can also avail video conference facility at places other than Karachi (since the AGM is scheduled to be held in Karachi), provided that the Company shall receive consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding, residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to the AGM. The Company will arrange a video conference facility in the city subject to availability of such facility in that city. In this regard, the Shareholders are requested to send duly signed Form of Video Conference Facility, available on Company's website to the Company's Share Registrar.

**10. UNCLAIMED DIVIDEND AND UNDELIVERED SHARE CERTIFICATES**

The Company has previously discharged its responsibility under Section 244 of the Act, whereby the Company approached the shareholders to claim their unclaimed dividends and undelivered share certificates in accordance with the law.

Shareholders, whose dividends still remain unclaimed and/or undelivered share certificates are available with the Company, are hereby once again requested to approach the Company to claim their outstanding dividend amounts and/or undelivered share certificates.

**11. CONVERSION OF PHYSICAL SHARES INTO CDC ACCOUNT**

The SECP through its letter No. CSD/ED/Misc/2016- 639-640 dated March 26, 2021 has advised listed companies to adhere to provisions of Section 72 of the Act, by replacing physical shares issued by them into book entry form.

The Shareholders having physical shareholding are requested to convert their physical shares into electronic form as required under Section 72(2) of the Act, which states that "Every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by SECP, within a period not exceeding four years from the commencement of the Act".

The Company also reminded its Shareholders vide newspaper publication dated December 20, 2024 for conversion of their physical shares into book-entry form and to claim unclaimed shares and dividends that were lying in its custody.

# OLPفنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ

# سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ OLP فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کا انتالیسواں (39) سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز جمعہ 24 اکتوبر 2025ء کو صبح 10:30 بجے بمقام انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کراچی اور بذریعہ ویڈیو لنک (زوم ایپلیکیشن) مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

ممبران کو کمپنی کے زیرانتظام ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے AGM میں شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے (براہ کرم تفصیلات کیلئے نوٹس کا سیکشن ملاحظہ کریں)

## عمومی امور

(1) 30 جون 2025ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں (متفقہ اور غیر متفقہ) معہ/آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ 2017 ("ایکٹ") کے سیکشن (6)223 کے مطابق اور SRO نمبر 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق، کمپنی کے مالی گوشواروں تک درج ذیل ویب لنک اور/یا QR فعال کوڈ کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

https://www.olpfinance.com/investor-relations

(2) 30 جون 2025ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق 3.5 روپے فی حصص بشرح 35 فیصد کی شرح سے حصص یافتگان کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر غور و خوض اور منظوری۔ اس کے علاوہ 20 فیصد نقد منافع منقسمہ یعنی 2 روپے فی حصص پہلے ہی ادا کیا جاچکا ہے۔

(3) 30 جون 2026ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہورہے ہیں اور بطور اہل دوبارہ تقرری کے لیے اپنی رضامندی ظاہر کی ہے۔

(4) چیئرمین کی اجازت سے کمپنی کے کسی بھی دیگر عمومی امور کی انجام دہی۔

**بحکم بورڈ**

**سلمان علی**

**کمپنی سیکرٹری**

کراچی

بروز جمعہ 03 اکتوبر 2025ء

نوٹس:

### 1. شیئر ہولڈرز کو تحائف دینے کی ممانعت

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے سرکلر نمبر 2، مورخہ 9 فروری 2018 کے ذریعے کمپنیوں کو سختی سے منع کیا ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کو عام اجلاسوں کے دوران یا ان کے حوالے سے کسی بھی شکل میں تحائف یا مراعات (تحائف کے بدلے میں ٹوکنز/کوپن/ظہرانہ/ٹیک اوے/پیکجز) فراہم نہ کریں۔ ایکٹ کے سیکشن 185 کے تحت، مذکورہ ہدایت کی خلاف ورزی کو جرم تصور کیا جائے گا اور جو کمپنیاں اس کی پابندی میں ناکام رہتی ہیں، انہیں جرمانے کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

### 2. الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے سالانہ اجلاس عام (AGM) میں شرکت

ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے AGM میں شمولیت اور شرکت کیلئے، ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ AGM کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی سیکریٹری کو agm@olpfinance.com بذریعہ ای میل مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کرکے اپنا اندراج کریں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | CNIC نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان اسناد (بذریعہ زوم ایپلی کیشن) ان حصص یافتگان کو فراہم کی جائیں گی جنہوں نے اجلاس میں شرکت کیلئے مذکورہ بالا تفصیلات کے ہمراہ درخواست دی ہے۔

### 3. کتاب کی بندش

3.1 ممبران کا رجسٹر مورخہ 17 اکتوبر 2025ء تا 24 اکتوبر 2025ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس میں مورخہ 16 اکتوبر 2025ء کو اختتام کار سے قبل موصول شدہ منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے بروقت تصور کی جائیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کا پتہ حسب ذیل ہے۔

فیمکو شیئر رجسٹریشن سروس (پرائیویٹ) لمیٹڈ: F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک۔6، PECHS، مین شاہراہ فیصل کراچی۔74400، پاکستان۔

فون نمبر: 105-34380101(021)92+، ای میل: info.shares@famcosrs.com

3.2 تمام حصص یافتگان AGM میں شرکت، اظہار خیال اور رائے دہی کے اہل ہیں۔ حصص یافتگان اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتے ہیں۔ پراکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ پراکسی موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرار آفس میں موصول ہوجائے۔

3.3 حصص یافتگان اور ان کے پراکسی سے درخواست ہے کہ اجلاس عام پر شرکت کے موقع پر اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ تصدیق کے مقصد کیلئے فراہم کریں۔ پراکسی فارم دو افراد کی گواہی، جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز (CNIC) لازمی درج ہوں، بشمول بنیفیشل مالکان اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول کمپنی کو مقررہ مدت تک لازمی جمع کرادیں۔ کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی بمعہ نامزدگی کے دستخطی نمونہ AGM کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ (https://www.olpfinance.com/investor-relations) پر دستیاب ہے۔

3.4 ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

3.5 سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی مندرجہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

### 4. سالانہ رپورٹ 2025 کی الیکٹرانک ترسیل

ایکٹ کی دفعہ (6)223 کی تعمیل میں اور S.R.O نمبر 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت، کمپنی نے سالانہ رپورٹ 2025 کو الیکٹرانک طور پر ویب لنک، QR فعال کوڈ اور ای میل کے ذریعے ان اراکین کو فراہم کیا ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار، مسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس موجود ہیں۔ تاہم، جہاں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس ای میل ایڈریس دستیاب نہیں ہیں، وہاں AGM کے نوٹس کی پرنٹڈ کاپیاں بمع QR فعال کوڈ/ویب لنک کے ذریعے سالانہ رپورٹ 2025 (بشمول مالیاتی حسابات) ڈاؤن لوڈنگ کے لیے ارسال کی گئی ہیں۔

تاہم، اگر کوئی شیئر ہولڈر اضافی طور پر سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی ہارڈ کاپی حاصل کرنے کی درخواست کرتا ہے، تو ایسی درخواست موصول ہونے کے سات ایام کار کے اندر بلا معاوضہ فراہم کی جائے گی۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کیلئے 'سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اکاؤنٹس کی فراہمی کیلئے معیاری درخواست فارم' بھی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

### 5. آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی ویب سائٹ پر دستیابی

30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی حسابات مع آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس،، بشول سہ ماہی مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ (https://www.olpfinance.com/investor-relations) پر دستیاب ہیں۔

### 6. سی این آئی سی / این ٹی این کی جمع آوری

SECP کی ہدایات کے مطابق، ان ممبران کا منافع منقسمہ روک دیا جائے گا جن کا درست CNIC یا NTN (بصورت کارپوریٹ ادارے) شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہیں ہیں۔ لہٰذا ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے درست CNIC یا NTN کی ایک کاپی (اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی ہو) کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو جمع کرائیں۔

### 7. نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرونکلی ادائیگی

ایکٹ کی دفعہ 242 کے تحت لسٹڈ کمپنی کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی اہل حصص یافتگان کو صرف الیکٹرانک انداز میں براہ راست ان کے نامزد بنک اکاؤنٹ میں کرنا لازمی ہے، لہٰذا فزیکل ڈویڈنڈ وارنٹس کمپنی کے حصص یافتگان کو جاری نہیں کئے جائیں گے۔ فزیکل حصص کی صورت میں منافع منقسمہ کی متعلقہ بینک اکاؤنٹس میں وصولی کے سلسلے میں حصص یافتگان سے استدعا ہے کہ (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا) نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانک ادائیگی کیلئے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ڈویڈنڈ منڈیٹ فارم پُر کریں اور باقاعدہ دستخط شدہ فارم بشمول CNIC کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرادیں۔ سی ڈی سی بروکریج ہاؤس میں جمع شیئرز کے حامل حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ ڈویڈنڈ مینڈیٹ فارم متعلقہ شرکاء/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز میں جمع کرائیں۔ معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی ایسے حصص یافتگان کے منافع منقسمہ کی ادائیگی روک لے گی۔

شریک حصص دار سینٹرل کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR)، جو کہ سی ڈی سی کی جانب سے مرتب کردہ ویب لنک https://csp.cdcaccess.com.pk کے ذریعے رسائی حاصل کرسکتے ہیں، تاکہ وہ اپنی ڈیویڈنڈ ٹیکس کٹوتی رپورٹ حاصل کرسکیں جو انہیں اُن کے CDS ٹرمینلز پر فراہم کردہ اپنے شریک (اسٹاک بروکر) سے بھی دستیاب ہوگی۔

### 8. انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء کی شق 150 کے تحت ڈویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی

8.1 فنانس ایکٹ مجریہ 2025ء نافذ العمل جولائی 2025ء کے قوانین کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح حسب ذیل ہے۔

(i) انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں کے لئے انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح.................15 فیصد

(ii) انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والوں کیلئے انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح.................30 فیصد

حصص یافتگان جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) پر درج نہیں ہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلر ہیں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ فوری طور پر اس بات کو یقینی بنائیں کہ اپنے نام ATL میں شامل کروالیں۔ بصورت دیگر منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی کی شرح 15 فیصد کے بجائے 30 فیصد کے حساب سے عائد کی جائے گی۔

8.2 منافع منقسمہ کی آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کی اجازت صرف کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس کُتب بندش کے قبل دن سے فعال ٹیکس اگزیمپشن سرٹیفکیٹ کی دستیابی کی صورت میں دی جائے گی۔

8.3 ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کا "فائلر / نان فائلر" پر ان کے حصص کے حصوں کی بنیاد پر علیحدہ کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں، حصص یافتگان جو کمپنی کے حصص کے مشترکہ طور پر حامل ہیں سے درخواست ہے کہ شیئر ہولڈنگ پروپورشنز یا پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز حصص کے حامل کی صورت میں (اگر پہلے فراہم نہیں کیا ہو) کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر نوٹس ہٰذا سے 10 دن کے اندر فراہم کریں۔ بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز یکساں حصص کے حامل ہیں۔

8.4 سی ڈی سی اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنا NTN اپنے متعلقہ بروکر کے ساتھ اپڈیٹ کروالیں، تاہم کارپوریٹ فزیکل حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنا NTN کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔ حصص یافتگان NTN یا NTN سرٹیفکیٹ کی فراہمی کے وقت نوعیت کے مطابق کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز لازماً درج کریں۔

### 9. ویڈیو کانفرنس کی سہولت

ایس ای سی پی سرکلر نمبر 10 بتاریخ 21 مئی 2014ء اور ایکٹ کی دفعہ (b)(1)134 کے مطابق ممبران کراچی کے علاوہ دیگر مقامات پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کرسکتے ہیں (چونکہ اجلاس عام کراچی میں منعقد ہوگا) بشرطیکہ کمپنی جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران سے اجلاس عام میں شرکت کے لئے اجلاس عام سے کم از کم 10 دن قبل منظوری حاصل کرلے، کمپنی مذکورہ شہر میں سہولت میسر ہونے کی بنیاد پر شہر میں ویڈیو کانفرنس سہولت کا اہتمام کرے گی۔ اس سلسلے میں ممبران سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ویڈیو کانفرنس سہولت کا فارم باقاعدہ دستخط کرکے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔

### 10. غیر دعوی شدہ منافع منقسمہ اور غیروصول شدہ شیئر سرٹیفکیٹس

ایکٹ کی دفعہ 244 کے تحت کمپنی نے اس سے قبل اپنی ذمہ داری بھرپور ادا کی ہے جس کے تحت کمپنی نے حصص یافتگان سے رابطہ کیا کہ وہ قانون کے مطابق اپنے غیر دعوی شدہ منافع منقسمہ اور غیروصول شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کا دعوی کرلیں۔

شیئر ہولڈرز، جنہوں نے منافع منقسمہ اور/یا غیروصول شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کا تاحال دعویٰ نہیں کیا، جو کمپنی کے پاس دستیاب ہیں، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے واجد الادا منافع منقسمہ کی رقم اور/یا غیروصول شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کا دعویٰ کرنے کیلئے کمپنی سے رجوع کریں۔

### 11. فزیکل شیئرز کی سی ڈی سی اکائونٹس میں تبدیلی

SECP نے اپنے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ایکٹ کی دفعہ 72 پر عمل کریں تاکہ ان کے جاری کردہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کردیا جائے۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایکٹ کی دفعہ (2)72 کے تحت اپنے فزیکل شیئرز کو الیکٹرانک شکل میں تبدیل کرائیں۔ جس میں درج ہے کہ "ہر موجودہ کمپنی کو SECP کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ اور ایکٹ کے آغاز سے چار سال کی مدت میں اپنے فزیکل حصص کو بک انٹری شکل میں تبدیل کرنا ہوگا"۔

کمپنی نے اپنے شریک حصص داران کو 20 دسمبر 2024 کے اخباری اعلان کے ذریعے بھی یاددہانی کرائی تھی کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرادیں اور وہ غیر دعویٰ شدہ حصص اور منافع منقسمہ حاصل کرلیں جو کمپنی کی تحویل میں موجود ہیں۔